تعارف کتب

◉ نعت رنگ، مرتب: سیّد صبیح الدین رحمانی۔ ناشر: نعت ریسرچ سینٹر، بی ۳۰۶، بلاک ۱۴، گلستانِ جوہر، کراچی۔ فون: ۰۳۳۳-۵۵۶۷۹۴۱۔ صفحات: ۵۳۲۔ قیمت: ۵۰۰ روپے۔ [سرورق: 'نعتیہ ادب کا علمی، تحقیقی وتنقیدی کتابی سلسلہ' ___ یہ اس سلسلے کا ۲۷واں شمارہ ہے (دسمبر ۲۰۱۷ء)۔ تقریباً تین درجن مضامین، ایک مذاکرہ، سحر انصاری کا انٹرویو، منتخب نعتیں اور قارئین کے خطوط جملہ تحریروں کا مرکزی موضوع صنفِ 'نعت' ہے۔ رحمانی صاحب کا ہمہ وقتی مشغلہ اور مصروفیت یہی ہے۔ اس یکسوئی کی بدولت وہ مختصر وقت میں درجنوں نئے مضامین پر مبنی کتابی سلسلہ شائع کرنے میں کامیاب رہتے ہیں۔ سرورق پر قرآنی خطاطی ترک خطاط محمد اوز جان کی ہے۔]

◉ انوکھے جہاں کی انوکھی سیر، قاضی مظہرالدین طارق۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، ڈی-۳۵، بلاک ۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔ فون: ۳۶۳۴۹۸۴۰-۰۲۱۔ صفحات: ۱۳۲۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔ [مصنّف نے زیرنظر کتاب میں انسانی وجود کا مطالعہ ایک منفرد انداز میں پیش کیا ہے۔ سائنس فکشن کے اسلوب میں مصنف ایک استاد اور ان کے شاگردوں کو ایک ننھے سے جہاز کے ذریعے انسانی جسم کے اندر لے جاتا ہے اور مختلف انسانی عضویات اور اعصابی نظام کی سیر کرواتے ہوئے اس طرح ان کی ساخت اور کارکردگی کو بیان کرتا ہے کہ جیسے یہ سب آنکھوں کے سامنے ہورہا ہو۔ یہ کتاب انسان کی تخلیق اور کائنات پر غوروفکر اور تدبر کے لیے مفید مطالعہ ہے۔ مصنف نے انسانی اعضا کی انگریزی اصطلاحات کے ساتھ ساتھ اُردو اصطلاحات کا خصوصی اہتمام کیا ہے۔]

ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن سے مکمل استفادہ کیجیے

- کبھی کبھی پڑھتے ہیں تو باقاعدہ پڑھیے۔
- کوئی کوئی مضمون پڑھتے ہیں تو سب مضمون پڑھیے۔
- کسی سے لے کر پڑھتے ہیں تو خریدار بن کر پڑھیے۔
- فائل محفوظ رکھیے ___ تاکہ آپ اور دوسرے مستقبل میں بھی فائدہ اُٹھا سکیں۔
- اپنے ملنے جلنے والوں کو بھی دیجیے ___ تاکہ وہ بھی اس کا مطالعہ کریں۔
- ترجمان کا مطالعہ علم و آگہی میں اور جذبۂ عمل میں اضافہ کرتا ہے۔